PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "مذہب"

## " رمضان"

# 31% سے زائد پاکستانیوں کے مطابق وہ رمضان میں دوسرے مہینوں کے مقابلے میں پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں۔


## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن ،گیلپ پاکستان

اسلام آباد، 17 اگست، 2016

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق 72% پاکستانی رمضان میں پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں، جبکہ صرف 41% پاکستانی رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مردوخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **"بعض لوگوں کو نماز پڑھنے کا موقع ملتا ہے بعض کو نہیں ۔ آپ کو رمضان میں ایک دن میں اندازاً کتنی نمازیں پڑھنے کا موقع ملتا ہے اور رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں آپ کو اندازاً ایک دن میں کتنی نمازیں پڑھنے کا موقع ملتا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 72% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ اُنھیں رمضان کے مہینے میں ایک دن میں اندازاً پانچ نماز پڑھنے کا موقع ملا، 11% افراد نے رمضان کے مہینے میں ایک دن میں اندازاً چار وقت کی نماز ادا کی، 7% افراد نے تین وقت کی نماز ادا کی، 3% افراد نے دو وقت کی نماز ادا کی، جبکہ 1% افراد کا کہنا ہے کہ اُنھیں رمضان میں نماز ادا کرنے کو موقع نہیں ملا، تاہم 6% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ جب انھی جوابدہندگان سے رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں نماز پڑھنے کے حوالے سے مزید پوچھا گیا ہے کہ تو 41% افراد کا کہنا ہے کہ وہ رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں، 12% افراد رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں چار وقت کی نماز پڑھتے ہیں، 17% افراد کا کہنا ہے کہ وہ تین وقت کی نماز ادا کرتے ہیں، 14% افراد دو وقت کی نماز ادا کرتے ہیں، 7% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ایک وقت کی نماز ادا کرتے ہیں، 5% افراد کا کہنا ہے کہ انھیں رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں نماز ادا کرنے کو موقع نہیں ملتا، تاہم 4% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" بعض لوگوں کو نماز پڑھنے کا موقع ملتا ہے بعض کو نہیں ۔ آپ کو رمضان میں ایک دن میں اندازاً کتنی نمازیں پڑھنے کا موقع ملتا ہے اور رمضان کے علاوہ باقی مہینوں میں آپ کو اندازاً ایک دن میں کتنی نمازیں پڑھنے کا موقع ملتا ہے؟"




*Source: Gilani Research Foundation Poll (GRF Poll)*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1813 مرد و خواتین سے 13 جون 2016 تا 20 جون 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday August 17, 2016**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*


*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com


***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2016

celebrating
36
years
of Gallup Pakistan
(1980-2016)